# خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی

## دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F/DDMA/COVID-19/2020/115 Dated:30.04.2020

## حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، عزت مآب ہائی کورٹ آف دہلی نے WP(C) 2979/2020 میں اپنے حکم مؤرخہ 22.04.2020 (نقل منسلک) میں اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ حکومت دہلی نے دہلی پولیس کی مانند معمر شہریوں (SeniorCitizens) کے لیے کوئی خصوصی ہیلپ لائن قائم نہیں کی ہے، چنانچہ خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی نے عزت مآب ہائی کورٹ کو یقین دلایا ہے کہ دو دن کے اندر ایک خصوصی ہیلپ لائن کام کرنا شروع کر دے گی اور اخبارات اور سوشل میڈیا میں مذکورہ ہیلپ لائن کے نمبر کی مناسب تشہیر کی جائے گی تاکہ یہ معلومات تمام متعلقہ افراد تک پہنچ سکے۔

لہٰذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئرپرسن کی حیثیت سے بذریعہ ہٰذا ہدایات دیتا ہے کہ **خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ریوینیو ڈیپارٹمنٹ کی ہیلپ لائن جس کا نمبر 1077 ہے، کووڈ-19 کے لیے سینیئر سٹیزنس کی ہیلپ لائن کے طور پر بھی کام کرے گی۔** ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹر)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی روزانہ چوبیسوں گھنٹے اس ہیلپ لائن کی مؤثر کارکردگی کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔ پرنسپل سیکرٹری (آئی اینڈ پی)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کو اخبارات اور سوشل میڈیا میں مذکورہ ہیلپ لائن نمبر کی مناسب تشہیر کرنے کی ہدایت دی جاتی ہے۔

مزید یہ کہ، ایس آئی او، این آئی سی معمر شہریوں کی درخواستوں/شکایات کو وصول کرنے اور انھیں متعلقہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو بھیجنے کے لیے ہنگامی طور پر ایک آن لائن ایپلی کیشن تیار کریں گے۔ اس آن لائن ایپلی کیشن میں متعلقہ معمر شہری کو ایس ایم ایس کے ذریعے وصولیابی کی اطلاع دینے اور متعلقہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور ان کے نوڈل آفیسر کو ایس ایم ایس کے ذریعے باخبر کرنے کا انتظام بھی ہو گا۔

مزید برآں، اس مقصد کے لیے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع کی سطح پر ایک نوڈل آفیسر بھی مقرر کریں گے جو یہ امر یقینی بنائیں گے کہ ضلع کی سطح پر متعلقہ محکمہ تمام شکایات پر کارروائی کرے اور آن لائن ایپلی کیشن پر ریکارڈ کے لیے اور آگے معمر شہری کو اطلاعاً بھیجنے کے لیے فیڈبیک بھیجے۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

بخدمت:

1. پرنسپل سیکرٹری (آئی اینڈ پی)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی، وسیع تشہیر کے لیے۔
2. خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
3. ڈپٹی کمشنر (ہیڈکواٹر)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی، 24/7 کی بنیاد پر ہیلپ لائن کی مؤثر کارکردگی کو یقینی بنانے کے لیے۔
4. ایس آئی او، این آئی سی

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
3. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
4. تمام عزت مآب وزراء، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
5. کمشنر آف دہلی پولیس
6. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
7. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
8. ڈی ڈی ایم اے، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹیو کمیٹی کے تمام اراکین
9. ڈائرکٹر، ڈی آئی پی، دہلی، وسیع تشہیر کے لیے
10. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو ddma.delhigovt.nic.in کی ویب سائٹ پر ڈالنے کے لیے۔
11. گارڈ فائل